تبصرہ کتب

تبصرہ نگار۔۔ن۔ر

احسن التوضیح : تالیف: حضرت مولانا غنی احمد صاحب۔ ترتیب: مفتی ریاض احمد۔ ناشر: دار التصنیف دار العلوم سعیدیہ اوگی مانسہرہ۔ ضخامت: 504 صفحات۔ سائز: 20×30/8۔ قیمت: درج نہیں۔

مولانا غنی احمد صاحب ایک کہنہ مشق مدرس اور ٹھوس علمی استعداد کے حامل نکتہ رس عالم ہیں۔ فی زمانہ رائج جملہ اسلامی علوم وفنون میں انہیں کامل مہارت حاصل ہے۔ معقولات کے ساتھ ساتھ منقولات میں بھی انہیں قابل رشک دستگاہ حاصل ہے۔ گزشتہ کئی سالوں سے وہ دار العلوم سعیدیہ اوگی میں ''مشکاۃ المصابیح'' کا باقاعدگی سے درس دے رہے ہیں، ان کے مایہ ناز شاگرد مفتی ریاض احمد نے ان کی یہ تقریر جو پشتو زبان میں ہے، اردو میں منتقل کر کے اسے انتہائی جانفشانی کے ساتھ بہترین انداز میں مرتب کیا ہے۔ فاضل مرتب نے شرح کا آغاز کتاب کی جلد ثانی سے کیا ہے۔ یہ اس حصے کی دوسری جلد ہے۔ جو کتاب الحدود تا کتاب الصید والذبائح کی شرح پر مشتمل ہے۔

شرح میں ان کا اسلوب یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے ترجمۃ الباب کا مقصد اور باب کا خلاصہ ذکر کرتے ہیں۔ پھر حدیث کا مشکول متن ذکر کر کے اس کا سلیس ترجمہ اور اس کی شرح کرتے ہیں۔ حدیث کی شرح کرتے وقت حدیث میں مذکور مضامین کو معنی خیز عنوانات کے تحت بیان کرتے ہیں۔ معمولی مناسبتوں سے اہم اور ضروری فوائد بھی بغرض افادہ ضرور بیان کرتے ہیں۔ اختلافی مسائل میں ائمہ کا اختلاف، دلائل، مخالفین کے دلائل کے جواب اور قول راجح کی مدلل نشاندہی بھی کرتے ہیں۔ نسخوں کا اختلاف بھی جابجا ذکر کرتے ہیں۔ نیز حوالہ جات کا بھرپور اہتمام کرتے ہیں۔ ان کا انداز تحقیقی مگر مختصر اور جامع ہے۔ بلاشبہ یہ شرح ''مشکاۃ المصابیح'' کی بہترین شروح کے ہم پلہ ہے۔ امید ہے ''مشکاۃ شریف'' کے اساتذہ وطلبہ کے لئے یہ ایک بہترین تحفہ ثابت ہوگی۔ کتاب کی طباعت، سیٹنگ، کمپوزنگ اور ٹائٹل معیاری اور کاغذ مناسب ہے۔

ظہور امام مہدی وفتنہ دجال، کب، کیسے؟ : تالیف: مولانا بشیر احمد حصاری۔